NYC sanitation

باضابطہ نوٹس

نئے کاروباری ری سائیکلنگ ضوابط

نیویارک شہر میں تمام کاروباری اداروں کو مخصوص اشیاء کو دوبارہ کارآمد بنانا اور اپنی پوری صلاحیت کے مطابق یہ یقینی بنانا درکار ہے کہ ان دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کو ان کے نجی کچرا اٹھانے والے کی جانب سے موزوں طور پر سنبھالا جاتا ہے۔ نئے ری سائیکلنگ تقاضوں اور ان کی تعمیل کیسے کرنی ہے پر مشوروں کے لیے اندرونی طرف دیکھیں۔ مزید معلومات کے لیے براہِ کرم 311 پر رابطہ کریں یا on.nyc.gov/business-recycling پر تشریف لائیں۔

ضوابط کا خطِ زمانی

تعمیل کیسے کی جائے :

1. ایک لائسنس یافتہ نجی کچرا اٹھانے والے سے معاہدہ کریں اور ایک منصوبہ تیار کریں کہ آپ کی عمارت کے لیے کچرا کیسے جمع کیا جائے گا اور کیسے وہاں سے باہر لے جایا جائے گا۔ اگر آپ کی عمارت کی انتظامیہ کوڑے کرکٹ کا انتظام کرتی ہے، یہ اطمینان کرنے کے لیے ان کے ساتھ مل کر کام کریں کہ آپ کا کاروبار ان کے منصوبے اور شہر کے ری سائیکلنگ ضوابط کی تعمیل کرتا ہے۔ منصوبے کو مندرجہ ذیل میں سے ایک کی تعمیل کرنی چاہیئے: علیحدہ کردہ-ماخذ کا اجتماع، مشترکہ-اجتماع، یا سنگل-سٹریم اجتماع (اشکال دیکھیں)۔

نوٹ: کسی بھی صورتحال میں، دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل مواد کو اسی تھیلے میں اکٹھا کرنے جس تھیلے میں کچرا جمع کیا جاتا ہے، یا ٹرک یا کنٹینر کے ایک ہی حصے میں رکھنے کی کبھی بھی اجازت نہیں دی جاتی۔

- آپ کے کاروبار پر لازم ہے کہ ایک علامت لگائے جو ان تمام کچرا اٹھانے والوں کی شناخت کرتا ہو جنہیں آپ استعمال کرتے ہیں اور آپ کون سا مواد اکٹھا کرتے ہیں۔ دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کے لیے، علامت کو لازمی نشاندہی کرنی چاہیئے کہ ان دوبارہ کارآمد بنائی جانے والی اشیاء کو کیسے اکٹھا کیا جاتا ہے (علیحدہ کردہ-ماخذ، مشترکہ-اجتماع، یا سنگل-سٹریم)۔ یہ علامت ایک کھڑکی پر یا کسی ایسی جگہ آویزاں کی جانی چاہیئے جہاں سے یہ عمارت کے باہر سے دیکھی جا سکے۔
- سے رجسٹریشن حاصل کرنا لازمی ہے۔ NYC اگر آپ کا کاروبار آپ کی اپنی دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کو خود ہی لے جانے کو ترجیح دیتا ہے، تو Business Integrity Commission
- جائیداد مالکان اور عمارت کی انتظامیہ پر لازم ہے کہ کرایہ داروں کو، کم از کم سالانہ بنیادوں پر، عمارت کی ری سائیکلنگ اور کچرے کے انتظام کی پالیسیوں سے آگاہ کرے۔ پالیسیوں کی جانب سے درخواست کیے جانے پر دستیاب ہونا لازمی ہے۔ NYC ضوابط کی تعمیل میں ہونا لازمی ہے اور اس اطلاع نامے کی ایک نقل DSNY کا

2. گاہکوں اور عملے کی علیحدگی کے علاقے مقرر کریں۔

مطلوب:

- تمام ٹبوں پر لازماً لیبل لگا ہونا چاہیئے جو بیان کرتا ہو کہ ٹبے کو کس قسم کے مواد کو جمع کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔
- سارے دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل مواد کو لازماً ہر وقت کچرے سے الگ رکھا جانا چاہیئے (اشکال دیکھیں)۔
- مرمت کے علاقوں یا کچرے کو ذخیرہ کرنے کے علاقوں میں علامات آویزاں اور برقرار رکھیں جو وضاحت کرتی ہوں کہ دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء اور کچرے کو کیسے علیحدہ کیا جانا چاہیئے۔
- عوامی علاقوں اور عملے کے علاقوں میں علامات آویزاں اور برقرار رکھیں جو وضاحت کرتی ہوں کہ دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء اور کچرے کو کیسے علیحدہ کیا جانا چاہیئے۔

کچرا اٹھانے والوں کے ساتھ باہمی بات چیت کے لیے مشورے

- ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ ایک کچرا اٹھانے والی ٹرالی خریدیں جو آپ کی ضروریات اور مواد کی اقسام سے مطابقت رکھتی ہو۔ کچھ نجی کچرا اٹھانے والوں اور ان کی مہیا کردہ خدمات کی ایک فہرست کے لیے nyc.gov/zerowastebusinesse پر تشریف لائیں۔
- کاروباری اداروں کو اس نوٹس میں بیان کردہ ضوابط کی تعمیل کرنا درکار ہے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کا کچرا اٹھانے والا یا عمارت کی انتظامیہ مناسب طریقے سے مواد کو دوبارہ کارآمد بنانے کے لیے اپنے حصے کا کام نہیں کر رہے، تو on.nyc.gov/dsny-complaints پر ایک شکایت درج کروائیں اور DSNY اس کی تحقیقات کرے گا۔
- ضوابط کو جانیں۔ ایک کاروباری ری سائیکلنگ تربیت کے لیے اندراج کروائیں یا اس ربط پر ایک ویب سیمینار دیکھیں : on.nyc.gov/zerowaste-business-resources

کیا ری سائیکل کرنا ہے

دھات، شیشہ، پلاسٹک، اور مشروب کے ڈبے

مشروب کے ڈبے | مخلوط دھات/ پلاسٹک کی اشیاء | سخت پلاسٹک | شیشے کے مرتبان اور بوتلیں | دھاتی ڈبے، ایلومینیم کی باریک شیٹیں

کاغذ

گتے کے ڈبے | اخبار، رسالے، باتصویر فہرستیں | رسیدیں، ڈاک، دفتری کاغذ، فولڈرز

کچرا



فرنیچر | **بچا کھچا کھانا | ٹھوس یا غلاف چڑھا کاغذ | فوم کی مصنوعات | پلاسٹک کی فلم اور لپیٹنے میں استعمال ہونے والی چیزیں، پلاسٹک کے تھیلے*

* الا یہ کہ آپ کے کاروبار کو NYS پلاسٹک بیگ اور فلم ریپ قانون کے تحت تحفظ حاصل ہو

**الا یہ کہ آپ کے کاروبار کو کمرشل آرگینک قانون کے تحت تحفظ حاصل ہو

ٹیکسٹائلز

اگر کسی بھی ایک ماہ کے دوران ٹیکسٹائلز آپ کے کاروبار کے کچرے کے 10 فیصد سے زیادہ پر مشتمل ہے، تو قانون کے تحت آپ کو تمام ٹیکسٹائل کچرے، بشمول دھاگوں کے ٹکڑے، کپڑے، بیلٹیں، تھیلے اور جوتے علیحدہ کرنا اور انہیں دوبارہ کارآمد بنانا درکار ہے۔ آپ ایک مفت NYC ٹیکسٹائل ری سائیکلنگ پروگرام کے لیے اہل ہو سکتے ہیں؛ nyc.gov/refashion پر تشریف لائیں۔

یارڈ یا پلانٹ کا فضلہ

اگر کسی ایک ماہ کے دوران یارڈ یا پلانٹ کا فضلہ آپ کے کاروبار کے کچرے کے 10 فیصد سے زائد پر مشتمل ہے، تو قانون کے تحت آپ کو تمام یارڈ اور پلانٹ کے کچرے، بشمول تراشی ہوئی گھاس، باغ کے ملبے، پتوں، اور ٹہنیوں کو علیحدہ کرنا اور انہیں دوبارہ کارآمد بنانا درکار ہے۔ اس مواد کو لازماً دیگر تمام مواد سے الگ باہر لے جایا جائے۔

نامیاتی اشیاء

مخصوص بڑے، خوراک کا فضلہ پیدا کرنے والے اداروں کو قانون کے تحت نامیاتی فضلے کو مفید استعمال کے لیے الگ on.nyc.gov/commercial-organics کرنا درکار ہے۔ پر معلوم کریں آیا کہ آپ اس زمرے میں آتے ہیں۔ اس مواد کو لازماً باقی مواد سے علیحدہ باہر لے جایا جائے۔

نوٹ: مخصوص اشیاء کو خصوصی طور پر سنبھالنا درکار ہوتا ہے۔ خلاف ورزیوں سے بچنے کے لیے، براہِ کرم ایک مکمل فہرست **nyc.gov/zerowastebusinesses** پر ملاحظہ کریں

ری سائیکل کیسے کرنا ہے

اہم: دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کو کچرے کے ساتھ اسی ٹبے میں یا ایک ٹرک کے ایک ہی حصے میں آپس میں گڈمڈ کرنا غیر قانونی ہے۔

علیحدہ کردہ-ماخذ ری سائیکلنگ



عملہ اور/یا گاہک مواد کو موزوں طور پر لیبل لگائے گئے ٹبوں میں رکھتے ہیں۔

عمارت کا عملہ کچرے کے تین بہاؤ کا انتظام کرتا ہے۔ دھات، شیشے، پلاسٹک اور ٹبوں کے شفاف تھیلے کاغذ کے شفاف تھیلوں اور گتے کے ٹبوں کے بنڈلوں سے علیحدہ باہر لے جائے جاتے ہیں۔ کچرے کو دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء سے علیحدہ باہر لے جایا جاتا ہے۔

تین بہاؤ کو تین الگ الگ ٹرکوں سے اکٹھا کیا جاتا ہے۔

مشترکہ-اجتماع: موزوں دستاویز سازی کے ساتھ، ایک کچرا اٹھانے والے کو علیحدہ کردہ-ماخذ دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کو مشترکہ طور پر ایک ٹرک میں جمع کرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔ اس صورت میں، کاروبار لازماً ایک علامت آویزاں کرے جو نشاندہی کرتی ہو کہ مشترکہ-اجتماع استعمال کیا گیا ہے اور کچرا اٹھانے والے کا نام آویزاں کرے جو دوبارہ کارآمد بنائے جانے کے قابل اشیاء کو اکٹھا جمع کرنے کا مجاز ہے۔

سنگل سٹریم ری سائیکلنگ



عملہ اور/یا گاہک مواد کو موزوں طور پر لیبل لگائے گئے ٹبوں میں رکھتے ہیں۔

عمارت کا عملہ کچرے کے دو بہاؤ کا انتظام کرتا ہے۔ دھات، شیشے، ڈبے، کاغذ اور گتے کے ٹبوں کے بنڈلوں کے شفاف تھیلے کچرے سے علیحدہ باہر لے جائے جاتے ہیں۔

دوبارہ کارآمد بنائی جانے والی اشیاء اور کرچے کو دو علیحدہ ٹرکوں کے ذریعے جمع کیا جاتا ہے۔ کاروبار پر لازم ہے کہ ایک علامت آویزاں کرے جو نشاندہی کرتی ہو کہ سنگل سٹریم ری سائیکلنگ کو استعمال کیا گیا ہے اور یہ کہ کچرا اٹھانے والا سنگل سٹریم ری سائیکلنگ جمع کرنے کے لیے مجاز ہے۔

مشورے

- ضوابط کو جانیں۔ ایک کاروباری ری سائیکلنگ تربیت کے ل اندراج کروائیں یا مندرجہ ذیل ربط پر ایک ویب سیمینار دیکھیں: -on.nyc.gov/zerowaste-business-resources
- اپنے ری سائیکلنگ پروگرام میں رنگوں کے کوڈ شامل کریں۔ علامات کی مثالیں یہاں سے تلاش کریں: -on.nyc.gov/zerowaste-business-resources
- جہاں کہیں بھی کچرے کی ایک ٹوکری ہے، وہاں ری سائیکل ٹوکری (ٹوکریاں) بھی ہونی چاہئیں۔